# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 23 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳؍اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آوارہ کتوں سے متعلق پالیسی وضع کرنے کی عدالت عظمیٰ کی جانب سے ریاستی حکومتوں کو ہدایت۔

☆ دوسرے خلائی دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تقاریب کا انعقاد۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی آب رسانی اسکیم کا آج وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ کسانوں کے لیے کال سینٹر شروع کرنے کی وزیر زراعت دتاترے بھرنے کی ہدایت

اور۔۔۔☆ بیل پولا تہوار کل ملک بھر میں روایتی انداز میں منایا گیا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو آوارہ کتوں کے بارے میں پالیسی بنانے کی ہدایت عدالت عظمیٰ نے دی ہے۔اس ضمن میں ملک کی مختلف ہائی کورٹس میں زیر التواء عرضداشتیں سپریم کورٹ منتقل کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

اسی دوران قومی دارالحکومت دہلی این سی آر علاقے میں آوارہ کتوں سے متعلق پہلے دیئے گئے حکم میں بھی عدالت عظمیٰ نے ترمیم کی ہے۔اب آوارہ کتوں کو نس بندی اور ویکسنیشن کے بعد انہیں دوبارہ اپنے ہی علاقوں میں چھوڑا جائے گا اور صرف ریبیز زدہ اور خطرناک کتوں کو ڈاگ شیلٹرس میں رکھا جائے گا۔عدالت نے انتباہ دیا ہے کہ اس کام میں روکاوٹ ڈالنے والی تنظیموں یا گروپوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائیگی۔

***** ***** *****

نیا انکم ٹیکس قانون یکم اپریل 2026 سے نافذ العمل ہوگا۔پارلیمنٹ کی جانب سے منظور کردہ اس بل کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری کے بعد یہ قانون بن چکا ہے اور اسے گزٹ میں شامل کرلیا گیا ہے۔دریں اثناء آن لائن گیمنگ تشہیر و کنٹرول بل 2025 کو بھی صدر جمہوریہ نے کل منظوری دیدی۔

***** ***** *****

ملک بھر میں آج دوسرا خلائی دن منایا جارہا ہے۔23 اگست 2023 کو چندریان تین مہم کے تحت وکرم لینڈر کے ذریعے پرگیان روور کامیابی کے ساتھ چاند کی سطح پر اتارا گیا تھا۔''قدیم علوم تا لامحدود امکانات'' اس برس کے خلائی دن کا عنوان ہے۔اس سلسلے میں ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارے اسرو کی جانب سے کل قومی خلائی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت تقریباً 1800 بھجن منڈلوں کو بھجن گائیکی کے ساز و سامان کی خریداری کے لیے 25 ہزار روپیوں کی امداد دے گی۔ گنیش اتسو کو ریاستی تہوار کا درجہ دینے کے موقع پر منعقدہ مختلف پروگراموں کے تحت یہ مدد دی جا رہی ہے۔ اس کے لیے آج سے چھ ستمبر تک ''مہا انو دان ڈاٹ او آر جی'' ویب سائٹ پر اس امداد کے لیے درخواست دی جا سکتی ہے۔

اسی دوران ثقافتی امور کے ریاستی وزیر آشیش شیلار نے کل مرکز اور ریاستی حکومتوں کے مختلف نمائندوں کے ایک اجلاس میں شرکت کی۔ گنیش اتسو میں عوامی شرکت کو بڑھانے کے لیے تمام سرکاری محکموں کو مختلف اقدامات کرنے کی تلقین وزیر موصوف نے کی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ سماجی اور اقتصادی تبدیلی کا راستہ صنفی مساوات سے گذرتا ہے۔ قومی خواتین کمیشن اور ریاستی خواتین کمیشن کے ''شکتی سنواد'' پروگرام کا افتتاح کل وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر انہوں نے مرکز اور ریاستی حکومت کی جانب سے خواتین کے لیے چلائی جانے والی اسکیموں کا جائزہ لیا۔ افتتاح کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس گفت و شنید سے قطعیت پانے والے امور کو ایکشن پلان کے طور پر ریاست میں نافذ کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ نے حکم دیا ہے کہ امرت یوجنا اور دیگر زیر التواء کام 31 مارچ 2026 تک مشن موڈ پر مکمل کریں۔ وہ اس خصوص میں کل ممبئی میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اسی دوران وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج چھترپتی سمبھا جی نگر کا دورہ کر رہے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن کے پھارولہ میں آب رسانی اسکیم کا جل پوجن وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔ اس موقع پر آب رسانی کے کام کا معائنہ اور جائزہ بھی وزیر اعلیٰ لیں گے۔

***** ***** *****

کسانوں کو فوری رہنمائی کے لیے ''کسان کال سینٹر'' شروع کرنے کی ہدایت ریاست کے وزیر زراعت دتا ترے بھرنے نے دی ہے۔ وہ کل پونے میں محکمے کے ایک جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ تمام اسکیمیں کسانوں سے متعلق امور کو مرکز مان کر چلائی جائیں گی۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ کھیتوں پر جا کر کام کرنے والے افسران و ملازمین کی تعریف کی جائے گی لیکن اپنے کام سے لاپرواہی اور کاہلی برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد پوار پارٹی اور شیو سینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے قومی جمہوری اتحاد این ڈی اے کے نائب صدر جمہوریہ کے عہدے کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کی حمایت سے انکار کر دیا ہے۔ بزرگ رہنما شرد پوار نے کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس میں یہ اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی پارٹی کی جانب سے ریاست کے رائے دہندگان کی فہرستوں کا مطالعہ اور جانچ شروع کر دی گی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بیل پولا تہوار کل جگہ جگہ جوش و خروش اور روایتی طرز پر منایا گیا۔ بیلوں کو سجا کر ان کے جلوس نکالے گئے اور گھر گھر میں پورن پولی کھلا کر ان کی پوجا کی گئی۔ پربھنی ضلع میں گاؤں گاؤں سے جلوس نکالے گئے۔ کاتنیشور میں بھی پولا جوش و خروش سے منایا گیا۔ ہنگولی ضلع میں گورے گاؤں میں روایتی طرز پر یہ تہوار منایا گیا۔ بسمت تعلقے کے واٹی گورکھ ناتھ میں آج 23 اگست کو پولا منایا جائے گا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ہرسول اور مکندواڑی علاقے میں پولے کے جلوس نکالے گئے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے چلائی جارہی شاستی سے آزادی مہم کوعوام کی زبردست پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔میونسپل کمشنر جی شریکانت نے بتایا کہ پراپرٹی ٹیکس اورنل کے بلوں کے بقایاجات پر جرمانے میں رعایت دینے والی اس اسکیم کی مدت 31اگست تک بڑھادی گئی ہے۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس اسکیم کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بقایاجات پر عائد جرمانے میں 95فی صد رعایت کے ساتھ اپنے ذمہ واجب الادا ٹیکس ادا کریں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے شیندرا بڑکن علاقوں یعنی''اورک سٹی''میں کئی کمپنیوں کوصنعتی پلاٹ تفویض کیے گئے ہیں۔ان کمپنیوں میں غذائی اجناس، کاغذ،الیکٹرانکس،سڑکیں تعمیر کرنے کی مشینیں اورسازوسامان کی صنعتیں شامل ہیں۔ان صنعتوں میں 200 کروڑروپیؤں کی سرمایہ کاری متوقع ہےاوراس سے کم وبیش ایک ہزارروزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔

***** ***** *****

ناندیڑضلع کے موکھیڑتعلقے کے سیلاب زدگان کوشیوسینا ادھو بالاصاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے ایک لاکھ روپیئے امداد دی گئی ہے۔قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے رہنماء امباداس دانوے نے کل مکرم آباد گاؤں کا دورہ کرکے حالات کا جائزہ لیا۔انہوں نے بتایا کہ سیلاب میں پانچ افراد ہلاک ہوئے اوردودھ دینے والے کئی مویشی بہہ گئے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت متاثرہ افراد کوفی الفور امداد فراہم کرے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا68واں یوم تاسیس آج منایا جارہاہے۔اس سلسلے میں یونیورسٹی اوراس کے تحت آنے والے کالجوں میں آج صبح پرچم کشائی عمل میں آئی۔اس سلسلے میں یونیورسٹی اورمختلف تعلیمی اداروں میں سیمینار اورتقاریب کا انعقاد کیا جارہاہے۔

***** ***** *****

ضلع میں سیلاب کے باعث 59 گاؤں میں مویشیوں کونقصان پہنچا اورتقریباً76بڑے مویشی،56 بکریاں اور 82مرغیاں ہلاک ہوگئیں۔محکمۂ مویشی پروری کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ ان جانوروں کومروجہ طرز پردفنایا گیا ہے۔دریں اثناء اس سیلاب زدہ علاقے میں مویشیوں کے لیے ویکسنیشن مہم شروع کی گئی ہے۔مویشی پروری محکمے کے ڈپٹی کمشنرراج کمار پڈیلے نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے جانوروں کو ٹیکے لگوائیں۔

***** ***** *****

محصول ہفتے کے موقع پر سنجے گاندھی نرادھار یوجنا اورشراون بال سیوا یوجنا کے تحت بیڑ تعلقے میں 14ہزار 245 مستحقین کے کھاتوں میں امداد راست طور پر جمع کروائی گئی ہے۔تحصیلدار چندرکانت شیلکے کی رہنمائی میں مختلف اسکیمیں چلا کر محصول ہفتہ منایا جارہاہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات کے وارڈز کی تشکیل کوریاستی انتخابی کمیشن نے منظوری دی ہے۔اوراس سلسلے میں رپورٹ میونسپل کارپوریشن کی ویب سائٹ پر جاری کی دی گئی ہے۔شہر کے 115وارڈس میں سے 29بلاک تیار کیے گئے ہیں۔وارڈس کی ان تشکیل کے خلاف شکایات و اعتراضات چارستمبر تک درج کروائی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن میں واقع جائیکواڑی آبی منصوبوں سے پانی چھوڑے جانے کے باعث گوداوری ندی میں سیلاب کی صورت حال ہے۔ بیڑ ضلع کے گیورائی تعلقے میں راکشس بھون کے شنی مندر میں پانی بھر جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔ ریاست میں مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کچھ اضلاع کے لیے محکمۂ موسمیات نے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ ان اضلاع میں ہلکی تا درمیانی درنے کی برسات کی پیشن گوئی محکمے نے کی ہے۔

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آوارہ کتوں سے متعلق پالیسی وضع کرنے کی عدالت عظمیٰ کی جانب سے ریاستی حکومتوں کو ہدایت۔

☆ دوسرے خلائی دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تقاریب کا انعقاد۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی آب رسانی اسکیم کا آج وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ کسانوں کے لیے کال سینٹر شروع کرنے کی وزیر زراعت دتاترے بھرنے کی ہدایت

اور۔۔۔☆ بیل پولا تہوار کل ملک بھر میں روایتی انداز میں منایا گیا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****